Session 24Th
No 1193
Date 12/4/2017
Department Higher Education

توجہ دلاؤ نوٹس 1193

منجانب: عظمیٰ خان صاحبہ رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ اعلیٰ تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ یونیورسٹی آف پشاور میں ڈاکٹر سرفراز خان ایریا ڈائریکٹر سینٹر کی نوکری کی معیاد 2013 کو ختم ہو چکی ہے اور اتچ ای سی اسلام آباد نے لیٹر لکھا کہ ڈائریکٹر کو ہٹایا جائے۔ اور سینئر پروفیسر کو قائم مقام ڈائریکٹر تعینات کر کے آسامی کو اخبار میں مشتہر کیا جائے۔ لیکن سابقہ وی سی سے ذاتی تعلقات کی وجہ سے ڈاکٹر سرفراز کو وائس چانسلر نے نہیں ہٹایا بلکہ اتچ ای سی اسلام آباد کی طرف سے بار بار ریمانڈر پر بھی نہیں ہٹایا گیا اس کے بعد پشاور ہائی کورٹ نے بھی فیصلہ دیا ہے کہ ڈاکٹر سرفراز کو 60 دن کے اندر اندر ہٹایا جائے اور نئے ڈائریکٹر کو تعینات کیا جائے لیکن ابھی تک اس پر بھی عمل درآمد نہیں ہوا صوبائی اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہائیر ایجوکیشن نے 6 مارچ 2017 کو ہدایت دی کہ پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد کیا جائے۔ لیکن موجودہ پرو وائس چانسلر نے 20 دن کا وقت مانگا لیکن اس نے ابھی تک فیصلہ نہیں کیا پرو وائس چانسلر کہتے ہیں کہ میرے پاس اختیار نہیں ہے اس سے پہلے پرو وائس چانسلر نے مختلف آفیسر کو پروموشن اور کچھ کو تبدیل بھی کیا ہے۔ لہذا پرو وائس چانسلر عدالت اور صوبائی اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہائیر ایجوکیشن کے احکامات پر عمل کر کے ڈائریکٹر سرفراز کو اپنے عہدے سے ہٹائے۔